# Maulana Azad National Urdu University

## M.A : Islamic Studies, III Semester Examination, January 2021

## Paper - MAIS312DST : Arabic Language

## پرچہ: عربی زبان

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

سوال : 1

i. 'هذا مكتب' کا اردو ترجمہ بتایئے۔

(a) یہ ٹیبل ہے (b) یہ چابی ہے (c) یہ کتاب ہے (d) یہ دروازہ ہے

ii. 'تلک' کا استعمال کس کے لئے ہوتا ہے؟

(a) ایک کے لئے (b) دو کے لئے (c) تین اور تین سے زیادہ کے لئے (d) سب صحیح

iii. 'فی' کیا ہے؟

(a) اسم موصول (b) حرف جر (c) حرف نفی (d) اسم ضمیر

iv. 'من تلک' کا صحیح جواب کیا ہے؟

(a) هٰذه آمنة (b) هٰذا حامد (c) تلک فاطمة (d) ذٰلک علی

v. 'الطبيب الى السوق ذهب' اس جملہ کی ترتیب درست کیجیے۔

(a) الى السوق ذهب الطبيب (b) ذهب السوق الى الطبيب

(c) السوق ذهب الى الطبيب (d) ذهب الطبيب الى السوق

vi. 'أ' کا استعمال کس کے لئے ہوتا ہے؟

(a) ضمیر کے طور پر (b) اشارہ کے لئے (c) سوال کے لئے (d) نفی کے لئے

vii. 'ال' کس کی علامت کے طور پر استعمال ہوتا ہے؟

(a) اسم معرفہ (b) اسم نکرہ (c) مذکر (d) مؤنث

viii. 'حروف جارہ' کا کیا مطلب ہے؟

(a) زبردینے والے حروف (b) پیش دینے والے حروف (c) تنوین دینے والے حروف (d) زیردینے والے حروف

ix. درج ذیل میں سے کون حروف موصول میں سے ہے؟

(a) نحن (b) بلیٰ (c) الذين (d) هؤلاء

x. درج ذیل میں سے کون حروف استفہام میں سے نہیں ہے؟

(a) هل (b) اولٰئک (c) اين (d) كيف

## حصہ دوم

2۔ 'ھٰذا' اور 'ھٰذہ' کے استعمال کا طریقہ بتاتے ہوئے ان کے درمیان فرق کو واضح کیجیے، اور ان دونوں کی پانچ پانچ مثالیں دیجیے۔

3۔ درج ذیل سوالوں کا عربی میں جواب دیجیے۔

**من أين أنت؟ أين الكتاب؟ أين محمد؟ أ آمنة فى الغرفة؟ ماذا على المكتب؟ من فى الفصل؟ من خرج من الفصل؟ أين ذهب على؟ من من الصين؟ أين دفتر عمار؟**

4۔ حروف استفہام کا کیا مطلب ہے؟ کسی چار حروف استفہام کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

5۔ خالی جگہوں کو نیچے دیئے گئے مناسب الفاظ سے پر کیجیے۔

**الشارع۔ اسم۔ الجامعة۔ الى۔ غرفة۔ مفتاح۔ قلم۔ ساعة۔ على۔ السيارة**

**الطالب فى ............۔ القلم ............ المكتب۔ ذهب حامد ............ السوق۔ خرج المدرس من ............المدير۔ هٰذا ............ السيارة۔ سيارة عباس فى ............۔ ............ الطالب مكسور۔ ............الطبيب مسعود۔ هٰذه ............ حامد۔ هٰذه ............ من اليابان۔**

6۔ حروف شمسیہ اور حروف قمریہ کی وضاحت کرتے ہوئے ان سے بننے والے پانچ پانچ الفاظ تحریر کیجیے۔

7۔ واحد، تثنیہ اور جمع سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ہر ایک کی دو دو مثالیں دیجیے۔

8۔ نیچے دیئے گئے کالم 'الف' کے الفاظ کو کالم 'ب' کے مناسب الفاظ کے ساتھ جوڑ کر جملہ مکمل کیجیے۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| الطالب | لذيذ |
| الدكان | مكسور |
| التفاح | ثقيل |
| الماء | مفتوح |
| الحجر | مريض |
| القلم | حار |

9۔ اردو میں ترجمہ کیجیے:

هٰذا الـرَّجُـلُ تَـاجِـرٌ وَذٰلك الـرَّجُـلُ طَبِيـبٌ۔ بَيْـتُ التَّـاجِـرِ اَمَـام الْمَسْجِدِ وَبَيت الطَّبِيْبِ خَلف الْمَدْرَسَةِ۔ بِنْتُ حَامِدٍ فِی الْـمَدْرَسَةِ۔ بَابُ الْمَسْجِدِ مَفتوحٌ۔ سَيارةُ عباسٍ فِی الشَّارِعِ۔ هٰذه بَقْرة الْفَلاحِ۔ مَا اسْمُ التَّاجِرِ۔ هٰذا الكتَابُ لمحمدٍ۔ مَحمود مريضٌ، هُو الآن فِی الْمُستشفیٰ۔ هٰذا الطبيبُ مِن أمريكا۔

## حصہ سوم

10۔ معرفہ اور نکرہ کی تعریف کرتے ہوئے معرفہ کی قسموں پر روشنی ڈالیے۔

11۔ مبتدا اور خبر پر مثالوں کے ساتھ مفصل گفتگو کیجیے۔

12۔ مذکر اور مؤنث پر روشنی ڈالتے ہوئے مؤنث کی قسمیں تحریر کیجیے۔

13۔ اسم موصول کی تعریف کرتے ہوئے بتائیے کہ یہ کتنے اور کون کون ہیں؟

14۔ جمع کی کتنی اور کیا کیا قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

☆☆☆